لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر | مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۲۲ رجب المرجب ۱۳۴۳ھ مطابق ۱۶ فروری ۱۹۲۵ء | جلد ۳۷

ملخص حکم محکمۂ عالیہ زادالانشا اجلاس اعلیحضرت بندگان عالی متعالی دام اقبالہم وملکہم

استثنا

۱۹ جنوری ۱۹۲۵ء

بحکم ۲۶ جنوری ۱۹۲۴ء - دیوان صاحب صدر، ممبران بورڈ آف آڈٹ اور بخشی صاحب فوج - دو ضرب بندوق، دو قبضہ تلوار، اور ایک ضرب ریوالور کے لائسنس سے مستثنٰے فرمائے گئے -

---

فہرست مضامین

خلاصۂ مضمون	نمبر صفحہ
استثنا ولائسنس	۱
تقرر احمد شاہ خاں صاحب بعہدہ اے ڈی سی وعطائے رینک لفٹنٹ	۲
تبادل مع اضافہ حامد علی خاں بجائے مشیر اشرف خاں انسپکٹر منسٹری	״
تبادل جمیل احمد خاں کرار قانونگوئے وسرور بادر گرداور ...	״
اضافہ تنخواہ محافظ خانہ صدر	״
رخصت جمعدار صاحب ...	״
واپسی صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول	۲ و ۳
انتظام بجائے منشی عبدالرحیم خاں انسپکٹر حسابی	۳
رخصت ... عدالت ...	״
تقرر ... جات ...	۴
اضافہ المدرس ... آڈٹ	״
اعلان کتب جدید الطبع	״
نقشہ نرخ ...	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۴ فروری ۱۹۲۵ء

بنظر مناسب

حکم ہوا کہ

جمعدار احمد شاہ خان کا تقرر با دولت و اقبال کے اسٹاف مین بعہدہ ایڈی ۔ سی کیا جائے ۔ اور انکو لفٹنٹ کا رینک دیا جائے انکی موجودہ تنخواہ آرمی ہیڈکوارٹر سے ملیگی ۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

تبادل

۴ فروری ۱۹۲۵ء

حسب رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر منشی حامد علی خان ملازم کیولری باسپشل تنخواہ دار پچیس روپیہ باضافہ پانچ روپیہ ماہوار بجائے سمیع اللہ خان انسپکٹر سنیٹری ۱۵ فروری ۱۹۲۵ء سے تبدیل فرمائے گئے ۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۴ فروری ۱۹۲۵ء

مثبتہ تحریر صاحب مہتمم بندوبست دربارہ تبدیلی
جمیل احمد خان گرداور قانون گو تحصیل سوار بوجہ خرابی
کار متعلقہ ۔

یہ کاغذات بموجودگی صاحب مہتمم بندوبست پیش ہوئی ۔ صاحب مہتمم بندوبست کی رائے ہے کہ جمیل احمد خان گرداور کو ایک موقعہ چھ ماہ کے مدت کے لئے اور دیدیا جائے ۔ اگر ابھی اوسکی حالت درست نہوئی تو اوسکے متعلق تجویز مناسب کیجائیگی لہذا بنظر مناسب حکم ہوا کہ جمیل احمد خان گرداور کو ایک موقعہ بمیعاد چھ ماہ دیا جائے ۔ اور جمیل احمد خان کا تبادلہ تحصیل سوار سے ٹانڈہ کو اور سردار بہادر گرداور کا تبادلہ تحصیل ٹانڈہ سے تحصیل سوار کو کیا جائے ہر دو گرداور اپنی اپنی تنخواہ پاتے رہینگے ۔ اگر جمیل احمد خان گرداور نے اپنا کام بجفت و مستعدی اب بھی انجام نہین دیا تو برخاست کیا جائیگا ۔ بعد چھ ماہ اوسکی حالت کارگردگی سے صاحب مہتمم بندوبست اطلاع دین ۔ احکام ضابطہ جاری ہون ۔ نقل حکم بخدمت صاحب مہتمم بندوبست مرسل ہو ۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۴ فروری ۱۹۲۵ء

حسب تحریر صاحب چیف سکریٹری بہادر بربناء سفارش حکیم محمد اجمل خان صاحب سید مسعود حسین محرر محافظ خانہ صدر کی موجودہ تنخواہ مین بخیال آغا محمد حسین صاحب کے پوتے ہونے کے (جو قدیم متوسل ریاست کے تھے) تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا ۔

رخصت

۲ فروری ۱۹۲۵ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور معلے دام اقبالہم و ملکہم منشی فدا علی خان صاحب تحصیلدار ٹانڈہ کی رخصت دس یوم بوجہ تقریب شادی منظور ہوئی زمانہ رخصت مین معمولی کام نائب تحصیلدار انجام دینگے ۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۳ فروری ۱۹۲۵ء

مثل مقدمہ عبدالوہاب خان مدعی بنام نواب دولہ خان وغیرہ نمبری ۱۵ منفصلہ عدالت ہستنٹی درجہ اول مورخہ ۱۰ دسمبر ۱۹۲۳ء عدالت کے ملاحظہ میں آئی ۔ بملاحظہ فرد احکام حالت کارروائی عدالت حسب ذیل ہے = ۴ اکتوبر کو ملزمان اور مدعی مع ثبوت بتقرر تاریخ ۱۶ اکتوبر طلب کئے گئے ۔ ۱۶ اکتوبر کو ملزمان اور مدعی حاضر ہوئے ۔ مدعی نے درخواست طلبی گواہان پیش کی ۔ وہ بتعین تاریخ ۴ نومبر طلب ہوئے ۔ ملزمان مچلکہ پر حاضر رکھے گئے ۔ ۴ نومبر کو گواہان اور فریقین مقدمہ حاضر تھے مگر مقدمہ میں کچھ کارروائی نہیں ہوئی اور ۱۰ نومبر کے تعین سے مچلکہ گواہان سے لکھائے گئے ۔ ۱۰ نومبر کو بھی کوئی کارروائی نہیں ہوئی ۔ مقدمہ ملتوی ہوکر ۲۲ نومبر مقرر کی گئی ۔ ۲۲ نومبر کو تعطیل اتفاقیہ ہونے کی وجہ سے ۲۳ نومبر کو مقدمہ پیش ہوا ۔ بالآخر یکم دسمبر مقرر کرکے ہدایت حاضری فریقین کو دی گئی ۔ یکم دسمبر کو صرف بیان مدعی قلمبند ہوکر ۲ دسمبر مقرر ہوئی اور ۲ دسمبر کو شہادت ثبوت ختم ہوگئی اور بنابر قلمبندی بیانات ملزمان ۴ دسمبر مقرر کی گئی ۔ ۴ دسمبر کو بعد تحریر استفسار ملزمان ۱۰ دسمبر مقرر ہوئی ۔ ۱۰ دسمبر کو

ر دسمبر اور ۱۵ ر دسمبر کو ۱۶ ر دسمبر مقرر کر کے فیصلہ صادر کیا گیا۔ ان ۱۱ پیشیوں میں علاوہ پیشی اول کے صرف تین یوم کارروائی مقدمہ باقی تاریخیں یہ لکھ کر "آج دیگر مقدمات سے فرصت نہیں ہے" وقت اجلاس ختم ہوگیا" مقدمہ ہر تاریخ پیشی پر ملتوی کیا گیا۔ پہلی پیشی میں کہ مدعی مع ثبوت طلب کیا گیا تھا ایسے مقرر ہونا چاہئے تھی کہ اگر درمیان میں مدعی اپنے گواہاں بذریعہ عدالت طلب کرانا چاہے تو آسانی طلب کرا سکے اور جب اس کے قصور سے طلبی گواہاں نہ ہوئی تو تاریخ پیشی پر عدالت کو حکم ضابطہ صادر کرنا چاہئے تھا۔ اگر عذر مدعی قابل لحاظ سمجھا گیا تو وجہ منظوری حکم تبدیل تاریخ میں بصراحت لکھنا تھی۔ نیز ایسی تاریخ پیشی مقرر کرنا چاہئے تھی کہ اس تاریخ پر کارروائی مقدمہ ہو سکے ایسی تاریخ مقرر کرنا کہ اس تاریخ اور کام بھی ہے بے سود ہے۔ صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول کو پہلے بھی چند بار اس بارہ میں لکھا جا چکا اب پھر تاکید کیجاتی ہے کہ ان کو اس طرف خاص توجہ کرنا چاہئے۔ دوران مقدمہ بلا وجہ ہوتا ہے اور پریشانی اہل معاملہ بھی ہوتا ہے اس مقدمہ میں دوران مقدمہ ڈہائی مہینہ کا ہو گیا جس میں عدالت نے صرف تین تاریخ پر کارروائی کی ہے باقی تاریخیں تبدیل ہوتی رہیں اور اہل معاملات کشاکشی میں مبتلا رہے۔

حکم ہے کہ

ایک نقل اس کی بغرض اطلاع ہدایت صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول کے پاس بھیجی جائے و نیز جملہ عدالت ہائے ماتحت فوجداری کو بنابر لحاظ بہ اجرائے احکام اطلاع دی جائے تاکہ مقدمات میں غیر معمولی تاخیر عمل میں نہ آسکے۔ اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط) صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۱۴ر فروری سنہ ۱۹۲۵ء

بنابر عرضداشت اجلاس ہذا۔ اجلاس ہمایون سے حسب ذیل انتظام کی منظوری صادر ہوئی ہے۔

(۱) منشی عبدالرحیم خان انسپکٹر مدارس بوجہ پیرانہ سالی و کمی بینائی کی خدمت سے سبکدوش کئے جائیں۔ اور انکو دس روپیہ ماہوار وظیفہ بمعافی خدمت سررشتہ تعلیم سے دیا جائے۔

(۲) کل مدارس ریاست جو اب تک منشی عبدالرحیم خان و منشی صادق حسین انسپکٹر مدارس کے حلقوں میں ہیں ان مدارس کے انسپکٹر مدارس منشی صادق حسین مقرر کئے گئے۔

(۳) منشی صادق حسین انسپکٹر مدارس کی تنخواہ موجودہ بدستور رہیگی اور انکو ہارس الاونس پندرہ روپیہ ماہوار ملیگا۔ اور منشی عبدالرحیم خان والا الاونس جو عارضی طور پر منشی صادق حسین کو مل رہا ہے مسدود کیا گیا۔

(۴) ایک ڈپٹی انسپکٹر مدارس کا جدید عہدہ بشاہرہ تیس روپیہ ماہوار و پندرہ روپیہ ماہوار ہارس الاونس منظور کیا گیا۔ اس جگہ پر سید منظر علی نائب محافظ دفتر فوجداری تنخواہ دار پچیس روپیہ ماہوار کا تبادلہ باضافہ پانچ روپیہ ماہوار کیا گیا۔ نامبردہ کو ۱۵ ماہوار ہارس الاونس بھی ملیگا۔ اس انتظام کے سلسلہ میں انسپکٹر و ڈپٹی انسپکٹر مدارس کے فرائض وغیرہ کے متعلق علیحدہ احکام نافذ کئے جائیں گے۔

(۵) چونکہ سید منظر علی نائب محافظ دفتر فوجداری کا تبادلہ ڈپٹی انسپکٹری پر کیا گیا ہے لہٰذا اس سلسلہ میں ابرار حسین محرر شمول محافظ خانہ فوجداری باضافہ پانچ روپیہ ماہوار نائب محافظ دفتر فوجداری اور منشی محمد شاہ خان محرر محافظ خانہ دیوانی باضافہ تین روپیہ ماہوار محرر شمول محافظ خانہ فوجداری بجائے ابرار حسین تبدیل کیا گیا۔ اور بجائے محمد شاہ خان محرر محافظ خانہ دیوانی صاحبزادہ سید برکت علیخان کو بشاہرہ بارہ روپیہ ماہوار مقرر کیا گیا انتظام نمبر ا لغایت ۵ امتحاناً برائے چھ ماہ کیا گیا ہے۔ بعد تجربہ جیسا مناسب ہوگا حکم صادر کیا جائیگا۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔ حکم منظوری شامل روبکار ہذا ہو۔

(دستخط) صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
رخصت
۱۱ر فروری سنہ ۱۹۲۵ء

حسب تصدیق صاحب جج خفیفہ۔ سید محمد ضیاء الحق صاحب منصرم عدالت خفیفہ کی رخصت دس یوم بوجہ علالت ۱۰ر فروری سے لغایت ۱۹ر فروری تک منظور ہوئی۔ ایام رخصت میں کام کا انتظام جج صاحب موصوف اپنی رائے کے موافق کرینگے۔

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت واقع یکم فروری سنہ ۱۹۲۵ء

صیغہ روشنی خانہ جات - روشنی برقی میونسپلٹی - ہوٹل اجلاس ہٰذا میں منتقل ہوئے ہیں - جنکے کام کا حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے روشنی خانہ جات صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری کے متعلق ہو گئی ہیں لہٰذا منشی اسحاق علی پیشکار آبکاری اس صیغہ کا کام انجام دینگے - روشنی برقی کے کاغذات کی پیشی منشی سلطان حسین پیشکار انجینئری سے متعلق رہیگی - اور میونسپلٹی و ہوٹل کا کام منشی محمد آقا نواب پیشکار تعمیرات کے سپرد کیا گیا -

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - اور درج گزٹ ہو -

صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت

مختص حکم اجلاس صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۲ ؍ فروری سنہ ۱۹۲۵ء

حسب منظوری اجلاس ہمایوں بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم مہتمم رشاد اہلمد سررشتہ آڈٹ کی تنخواہ موجودہ ۱۰ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا -

---

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہیں ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے خود بھی خرید فرما کر پڑھئے اور احباب کو بھی دکھلائیے -

قول شافی - یہ حدیث کی مشہور کتاب "کافی" کا اردو ترجمہ ہے اس کی عمدگی اس کے نام سے ظاہر ہے جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲ ہے -

التوحید - یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے اس میں خداوند عالم کے وجود اس کی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے اس کی قیمت بھی علاوہ محصول ۱۲ ہے -

خصائص معاویہ - یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول کتاب جامع حامدی کے ملحقات میں ہے جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے بعض مطالب اس میں اضافہ کیا گیا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک ۶ ہے -

جس قدر نسخے مطلوب ہوں درخواست منصرم صاحب کتبخانہ کی خدمت میں ارسال فرمائیے -

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلق ریاست رامپور ابتدائے ۹ لغایت ۱۵ فروری ۱۹۲۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۵ ا ر	۵ ا ر	۱۰ ا ر		دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص			۸ ا ر	۷ ا ر	۸ ا ر		
نخود کشت آمیز			۹ ا ر	۷ ا ر	۰		
چنہ			۶ ا ر	۷ ا ر	۰		
ماش			۴ ا ر	۲ ا ر	۲ ا ر		
مونگ			۴ ا ر	۰	۰		
مکا			۱۰ ا ر	۰	۸ ا ر		
جنی			۰	۰	۰		
کنجبی			۰	۰	۰		
عدس			۰	۰	۰		
ارہر			۰	۰	۰		
برنج			۳ ۰ ا ر	۳ ۰ ا ر	۰		
روغن زرد			۰ ا ر	۰ ا ر			
روغن سیاہ			۱ ا ر	۱ ا ر	۱ ا ر		
روغن کنجد			۰	۲ ا ر	۱ ا ر		
نمک سانبھر			۱۱ ا ر	۱۰ ا ر	۱۱ ا ر		
نمک لاہوری			۲ ا ر	۵ ا ر	۰		
قند سیاہ			۲ ا ر	۲ ا ر	۲ ا ر		
باجرہ			۷ ا ر	۰	۰		